سلسلہ تصوف نمبر ۲۸

اُردو ترجمہ کتاب

مجمعُ الاسرار

تصنیف لطیف قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین سرتاج مشتاقانِ سرکار غوثیہ
و محبوب عاشقانِ دربار قادریہ جناب مولانا و سیدنا حضرت خواجہ پیر سید بہادر شاہ
قادری النقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

مترجمہ

حلقہ بگوش سرکار نقشبندیہ ملک فضل الدین ککے زئی حنفی النقشبندی مجددی

ملنے کا پتہ

اللہ والے کی قومی دکان رجسٹرڈ

کشمیری بازار لاہور

بار دوم .... قیمت

اُردو ترجمہ کتاب

مُجمعُ الاَسرار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد لِلّٰہ الذی خلق السّمٰوٰتِ والارض جعل الظلماتِ والنورِ وجعل خزائن معرفتہ وعظمتہٖ وبرکتہ وقدرتہ فی صدور العارفین بنور المعرفۃ والایقان الصّلوٰۃ والسّلام علیٰ نبیّہٖ و حبیبہٖ وصفیہٖ وخلیلہ محمّدٍ واٰلہٖ واصحابہ واحبّائہ و اتباعہ وعترتہ وازواجہ ومحبّتہ وامتہ وعلیٰ سیّدنا وشیخنا ومرشدنا ومولٰنا ابی محمّد سیّد محی الدین سیّد عبد القادر جیلانی قطب وعلیٰ اٰلہ واولادہٖ ومحبّتہٖ اجمعین +

تمام تعریف اس ذات پاک کے لئے ہے جس نے زمین و آسمان پیدا کیا۔ اور اندھیروں اور نور کو بنایا اور معرفت اور نور کے ذریعے اپنی رحمت عظمت، برکت اور قدرت کے خزانے عارفوں کے سینوں میں رکھے اور درود اور سلام اُس کے پیارے، برگزیدہ اور دوست نبی محمد پر اور اُس کی آل، اصحاب تابعداروں، ازواج مطہرات۔ دوستوں اور اس کی امت پر اور نیز ہمارے سردار، ہمارے شیخ، ہمارے مرشد، ہمارے مولا ابو محمد سیّد

لیکن یہ نور خدا رسیدہ کامل کے سوا کسی کو حاصل نہیں۔ اور اگر اس قسم کے سچے حقایق لکھنے بیٹھوں تو مضمون طویل ہو گا۔ اور خاکسار کی غرض پیروں علیہ الرحمۃ والرضوان کا شجرہ بیان کرنا ہے، جوان کی قدمبوسی کی طفیل مجھے ملا ہے۔ اپنے خداداد قیاس، اور خداوند تعالےٰ کی ہدایت اور شاہ عبدالقادر جیلانی قطب ربانی مظہر فیض ربانی کی مدد سے یہاں لکھونگا۔

ابیات

این ہمہ نعمت کہ دیدم بے بہا — از عنایت غوث اعظم رہنما
غوث اعظم قطب عالم محی الدین — ہر زماں جویم رضائے محی الدین
محی الدین عالی معلےٰ باصفا — کس ندارد مثل او از اصفیا
اصفیا از وصف او دیوانہ اند — کاملاں از درک او بیگانہ اند
ہاں اگر جوئی شراب از وصل یار — باش دامنگیر قطب شہسوار
قطب ربانی محقق بادشاہ — دیگراں ہستند لشکر پاسپاہ
شد یکجا در از عنایت محی الدین — محی الدین دیدم لطف محی الدین
نور حق روشن منور بر جبیں — خود بفرمودند خویش ہیں محی الدین
از عنایت شاں شدم با حق قریں — لطف یزداں شد طفیل محی الدین
شک نیاری اندریں اسرار من — کرد وصل با خدایم محی الدین
زود گردد با خدائے خود قریں — آنکہ باشد در ہوائے محی الدین
نور شاں از عرش و کرسی برتر است — برتر است آنکس کہ بیند محی الدین

ہر چہ ہست از عرش تا تحت الفرش
ہست در حکم رضائے محی الدین

ذاکر کی عظمت اور اسے استمداد اور استفادہ کرنا اور علم باطنی کا سیکھنا عارفوں کے مذہب میں فرض ہے۔ کما قال اللہ تعالیٰ فَاسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (پس سوال کرو صاحب ذکر سے اگر تم نہیں جانتے) اور ذاکر وہی ہے، جسے کامیاب پیروں اور رستار شیخوں سے سند ملی ہو ❊

پہلے طالب کو صحیح توبہ کرنا ضروری ہے: تاکہ ذکر اس کے دل میں قائم ہو جائے